صوبائی اسمبلی خیبرپختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 04 ستمبر 2020ء بمطابق
15 محرم الحرام 1442 ہجری صبح دس بجکر پچپن منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب ڈپٹی سپیکر، محمود جان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

لَوۡ اَنۡزَلۡنَا هٰذَا الۡقُرۡاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيۡتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنۡ خَشۡيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلۡكَ الۡاَمۡثَالُ نَضۡرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمۡ يَتَفَكَّرُوۡنَ O هُوَ اللّٰهُ الَّذِىۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِيۡمُ O هُوَ اللّٰهُ الَّذِىۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡمَلِكُ الۡقُدُّوۡسُ السَّلٰمُ الۡمُؤۡمِنُ الۡمُهَيۡمِنُ الۡعَزِيۡزُ الۡجَبَّارُ الۡمُتَكَبِّرُ ؕ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ O هُوَ اللّٰهُ الۡخَالِقُ الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ لَهُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ۔

(ترجمہ): گر ہم نے یہ قرآن کسی پہاڑ پر بھی اتار دیا ہوتا تو تم دیکھتے کہ وہ اللہ کے خوف سے دبا جا رہا ہے اور پھٹا پڑتا ہے یہ مثالیں ہم لوگوں کے سامنے اس لیے بیان کرتے ہیں کہ وہ (اپنی حالت پر) غور کریں وہ اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، غائب اور ظاہر ہر چیز کا جاننے والا، وہی رحمٰن اور رحیم ہے وہ اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ بادشاہ ہے نہایت مقدس، سراسر سلامتی، امن دینے والا، نگہبان، سب پر غالب، اپنا حکم بزور نافذ کرنے والا، اور بڑا ہی ہو کر رہنے والا پاک ہے اللہ اُس شرک سے جو لوگ کر رہے ہیں۔ وہ اللہ ہی ہے جو تخلیق کا منصوبہ بنانے والا اور اس کو نافذ کرنے والا اور اس کے مطابق صورت گری کرنے والا ہے اس کے لیے بہترین نام ہیں ہر چیز جو آسمانوں اور زمین میں ہے اُس کی تسبیح کر رہی ہے، اور وہ زبردست اور حکیم ہے زمین میں موجود ہر چیز اسی کی پاکی بیان کرتی ہے اور وہی بہت عزت والا، بڑا حکمت والا ہے۔ **صَدَقَ اللّٰہُ الْعَظِیم۔**

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچنز آور: کوئسچن نمبر 7120، میڈم نگہت اورکزئی صاحبہ۔

* 7120 _ محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: کیاوزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ لیڈی کانسٹیبلز عموماً 12تا18 گھنٹے ڈیوٹی سرانجام دیتی ہیں جبکہ اتنی ڈیوٹی کرنے کے باوجودان کواوور ٹائم نہیں دیاجاتا؛

(ب) آیایہ درست ہے کہ ڈیوٹی ختم کرنے کے بعد رات کو لیڈی کانسٹیبلز کیلئے جانے پر مجبور ہوتی ہیں جبکہ محکمہ کی طرف سے ان کو گھر چھوڑنے کی سہولت میسر نہیں ہے؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جواب اثبات میں ہوں تو آیا حکومت لیڈی کانسٹیبلز کو اوور ٹائم دینے، گھر چھوڑنے کی سہولت فراہم کرنے اور ڈیوٹی کے اوقات کار میں کمی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیراعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) عام حالات میں جملہ پولیس اہلکاران بشمول لیڈیز پولیس 8 گھنٹے تک ڈیوٹی سرانجام دیتے ہیں تاہم سپیشل ڈیوٹی یاایمرجنسی حالات کے دوران ڈیوٹی کادورانیہ بڑھ جاتاہے محکمہ پولیس میں اوور ٹائم کے لئے کوئی قانون موجود نہیں، البتہ قواعد و ضوابط کے مطابق اچھی کارکردگی کی بنیاد پر توصیفی سرٹیفکیٹ کے ساتھ ساتھ نقد انعامات بھی دیئے جاتے ہیں۔

(ب) لیڈیز پولیس عمومی طور پر دفتری اوقات کار تک اپنی ڈیوٹی سرانجام دیتی ہے اوران کو باقاعدہ پک اینڈ ڈراپ کی سہولت دی جاتی ہے۔

(ج) علاوہ ازیں پولیس ایکٹ 1861 کی سیکشن 22 کے مطابق ہر پولیس اہلکار 24 گھنٹوں کا ملازم ہے جس سے کسی بھی وقت متعلقہ ضلع میں ڈیوٹی لی جاسکتی ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، میرا اسپلیمنٹری جو سوال ہے، سب سے پہلے تو میں اس پہ ایک دو منٹ اگر آپ بات کرنے کی اجازت دے تو میں کروں گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، سب سے پہلے تو محرم میں جو ہماری پولیس نے جس اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور خاص طور پہ، سوائے آئی جی کے، تو میں سمجھتی ہوں کہ میں ان پولیس والوں کو جو سی سی پی او صاحب ہیں پشاور کے، جو ایس ایس پی آپریشن ہے جنہوں نے خود جوانوں کے ساتھ بیٹھ کے کھانا کھایا اور کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا پورے صوبے میں، اسی طرح میں پورے صوبے کے جتنے بھی ڈی آئی جیز ہیں، جتنے بھی جوان ہیں، جتنے بھی ایس ایس پیز ہیں، ایس پیز ہیں، جتنی بھی ہماری فورس ہے، میں ان کو مبارک باد دیتی ہوں کہ انتھک محنت اور لگن سے جو انہوں نے محرم میں کام کیا تو میں ان کو مبارک باد دیتی ہوں کہ کوئی ناخوشگوار واقعہ نہیں ہوا اور میں سمجھتی ہوں کہ آئی جی صاحب تو Zoom پہ ہوتے ہیں ہمیشہ، کسی کی کال Attend نہیں کرتے اور دوسری بات میں یہ کرنا چاہونگی کہ جناب سپیکر صاحب، یہ جو میرا سوال ہے، سوال یہ ہے کہ یہ 1994 میں بے نظیر شہید، بے نظیر بھٹو شہید نے یہ پولیس سٹیشنز قائم کئے Women empowerment کے لئے، لیکن جناب سپیکر صاحب، Throughout پاکستان، اس میں میں نے جو کوئسچن پوچھا ہے تو اس میں انہوں نے کہا ہے کہ آٹھ گھنٹے کی ڈیوٹی یہ سرانجام دیتے ہیں، آپ کی توجہ چاہونگی جناب سپیکر، میں نے پوچھا ہے تو انہوں نے کہا ہے کہ، میں نے بارہ سے اٹھارہ گھنٹے پوچھا ہے، لیکن انہوں نے کہا نہیں جی، یہ تو آٹھ گھنٹے ڈیوٹی کرتے ہیں جو کہ بالکل ایک غلط بات ہے جس سے میں مطمئن نہیں ہوں۔ دوسرا میں نے کوئسچن جو پوچھا ہے، دوسرا جو سوال ہے وہ (ب) میں ہے کہ آیا ان لیڈیز کانسٹیبلز کو پک اینڈ ڈراپ دیا جاتا ہے؟ No، بالکل ان کو پک اینڈ ڈراپ نہیں کیا جاتا، آپ کسی بھی اپنے آفس میں دو چار پولیس جو کانسٹیبلز ہیں کسی کو بھی Pick کر لیں، مطلب اور ان کو بلا لیں اپنے آفس میں، ان سے پوچھ لیں، آپ کو پتہ چل جائے گا کہ ان کو پک اینڈ ڈراپ نہیں کیا جاتا اور ان کو باقاعدہ خود آنا جانا پڑتا ہے جو کہ میرا خیال ہے خواتین کے ساتھ ایک امتیازی سلوک ہے۔ دوسری بات میں نے جوان سے پوچھی ہے تو انہوں نے کہا ہے کہ اوور ٹائم بھی نہیں دیا جاتا جناب سپیکر صاحب، اور پھر کہتے ہیں کہ 24 گھنٹے ایمرجنسی میں ہم ان سے وہ بھی لیتے ہیں، جناب سپیکر صاحب! یہ کہاں کا انصاف ہے کہ 24 گھنٹے کا چاہے وہ مرد پولیس آفیسر ہے، کانسٹیبل ہے، چاہے وہ لیڈی کانسٹیبل ہے، تو یہ 24 گھنٹے ایمرجنسی میں بات جو آتی ہے تو یہ میری سمجھ میں بات نہیں آتی ہے کہ چوبیس گھنٹے ایک بندہ کیسے ڈیوٹی کر سکتا ہے کہ وہ Mentally طور پر بھی مطلب وہ ہو جاتا ہے اور اسی طرح Physically بھی وہ Tired ہو جاتا ہے تو وہ کیسے امن وامان کو برقرار رکھے گا؟ اسی طرح لیڈیز پولیس

24 گھنٹے اگر آپ ان سے ڈیوٹی لیں گے تو ان کا گھر بھی Suffer ہو گا، ان کے بچے بھی Suffer ہونگے، پھر اس کے بعد ان کی اپنی جو ازدواجی زندگی ہے وہ بھی Suffer ہو گی، تو جناب سپیکر صاحب، اور اس پہ میں ایک بات کرنا چاہونگی کہ اگر آپ مجھے Allow کریں تو میں ڈسکشن کے لئے میرے پاس چودہ لوگ پتہ نہیں موجود ہیں کہ نہیں ہیں؟ کہ میں اگر اس کو ڈسکشن، کیونکہ اس میں ریفارمز کی ضرورت ہے، ہم نے تنقید برائے تنقید نہیں کرنی ہے، ہم نے اس میں ریفارمز لانی ہیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: میڈم آپ گورنمنٹ کا وہ ریسپانس لے لیں، پھر اس کے بعد ڈسکس کرینگے۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جی سر، اس میں یہ ہے کہ ابتدائی رپورٹ کی ان کو کسی قسم کی کوئی تربیت نہیں دی جاتی، سپیشل ٹریننگ کی ان کو کوئی تربیت نہیں دی جاتی، بس ان کو بھرتی کر لیا جاتا ہے تو بس That's enough، کسی کے گھر پر چھاپہ مارا تو بس ان کو ساتھ اگر لے گئے تو لے گئے، اگر نہ لے گئے تو وہ پولیس کی اپنی ذمہ داری ہے کیونکہ ابھی بھی پچھلے دنوں ہشتنگری میں واقعہ ہوا تھا جس میں بغیر عورت کے پولیس گئی ہے اور وہ بندے کو اوپر سے وہ خود گرا ہے یا گرایا گیا ہے لیکن بہر حال میں رات کو دو بجے گئی ہوں ہشتنگری تھانے اور پھر صبح چار بجے واپس آئی ہوں۔ تو کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ان سے اگر کام آپ نے لینا ہے تو ان کی ڈیوٹی کو آپ نے Divide کرنا ہے اور ساتھ چوبیس گھنٹے کی ڈیوٹی میری سمجھ سے بالاتر ہے کہ وہ اپنی ازدواجی زندگی کو کیسے، وہ Maintain رکھیں گی، اور وہ اپنی نوکری کو کیسے Maintain رکھیں گی؟ تھینک یو جی۔

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Concerned Minister, to respond.

<u>جناب سلطان محمد خان (وزیر قانون)</u>: تھینک یو سر۔ میڈم نگہت اورکزئی نے جو سپلیمنٹری کوئسچنز اس کے اندر پوچھے ہیں تو ایک تو میں ضرور یہ کہوں گا کہ انہوں نے ایک پبلک انٹرسٹ کے ایشو کے اوپر سوال پوچھا ہے، جواب تو ادھر آ گیا ہے لیکن یہ دو ایشوز جو انہوں نے پوائنٹ آوٹ کئے اس کے اوپر میں شارٹ ان کو اور ہاؤس کو بتا دیتا ہوں سر، ایک تو میں بھی Appreciate کرنا چاہونگا، جو محرم میں جو عاشورہ کے دن تھے ان میں جو پولیس نے لاء اینڈ آرڈر سیچویشن کو کنٹرول کیا اور شکر الحمد للہ کہ صوبے کے اندر بہت Peacefully یہ سارا سلسلہ ہم نے گزار دیا اور جناب سپیکر، پولیس نے ہمیشہ قربانیاں دی ہیں، ہماری جب یہ دہشتگردی کے خلاف جنگ شروع ہوئی تو اس وقت بھی یہ پولیس کی ٹریننگ یا ان کے پاس وہ وسائل یا وہ اسلحہ نہیں تھا کہ جو دہشت گردوں کے خلاف جنگ میں وہ استعمال کرتے لیکن پولیس نے جرات کا مظاہرہ کیا اور اس وقت ایک حوصلے کے ساتھ یہ پولیس فرنٹ لائن پہ رہی اور بہت کیسز میں یہ

دیکھا گیا، ہر کیس میں، بلکہ جہاں پر بھی کسی پولیس چیک پوسٹ کے اوپر حملہ ہوتا تھا، خود کش حملہ ہوتا تھا تو وہاں پر شہادتیں جب ہو جاتی تھیں تو اور پولیس اہلکار Within a few minutes and seconds یا آفیسرز یا سپاہی وہ وہاں پر پہنچ جاتے تھے، تو میں بھی ضرور Appreciate کرنا چاہونگا اور یہ پولیس ہمارا ایک اثاثہ ہے اور پولیس نے بڑی جرات کا مظاہرہ کیا ہے۔ اب لیڈی کانسٹیبلز کا انہوں نے جو کہا ہے تو سرکاری طور پہ تو آٹھ گھنٹے کی ہی ڈیوٹی ہے، اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ آٹھ گھنٹے سے زیادہ ڈیوٹی بھی لی جاتی ہے، اگر آپ فیلڈ میں دیکھ لیں، Practically پوچھ لیں جس طرح میڈم نے کہا ہے تو اس میں کوئی شک نہیں ہے، وہ سب کو پتہ ہے چوبیس گھنٹے کا یہاں پر جواب میں دینا یہ نہیں ہے کہ وہ چوبیس گھنٹے ڈیوٹی کرتے ہیں، چوبیس گھنٹے کا اگر وہ دیکھ لیں تو اس کا مقصد یہ ہے کہ پولیس ایک یونیفارم فورس ہے، ایک ڈسپلن فورس ہے اور کسی بھی وقت چوبیس گھنٹے میں اگر ان کی ضرورت کہیں پر بھی ایمرجنسی میں پڑ جائے تو وہ ان کو بلایا جا سکتا ہے، ان سے ڈیوٹی لی جا سکتی ہے لیکن جناب سپیکر، میں آنریبل ممبر سے Agree کرتا ہوں کہ اگر ہم نے آگے جانا ہے اور اپنا پولیسنگ سسٹم کو ٹھیک کرنا ہے تو جہاں پر، ہم نے پچھلے Tenure میں بھی اور اس Tenure میں بھی پولیس کے اندر اصلاحات ہم لائے، نئی قانون سازی کی، اس کے بعد Specialized schools بنے پولیس کے لئے، ٹریننگ ان کو دی گئی ہے، اسلحہ اور ان کو سارے جو Tools ہوتے ہیں وہ Provide کئے گئے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ہم نے پولیس میں اور بھی اس طرح کی اصلاحات لائی ہیں، یہ بڑا ضروری ہے، میری میڈم سے گزارش یہی ہے کہ ہمارے پاس دو راستے ہیں سر، ایک تو چیف منسٹر صاحب نے کیبنیٹ کی ایک کمیٹی بنائی ہے جو ان ہی چیزوں کو دیکھتی ہے لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے، پولیس کے حوالے سے، اس کو میں چیئر کرتا ہوں لودھی صاحب اس میں ممبر ہیں، چیف سیکرٹری اور آئی جی اس کے اندر وہ بھی ممبرز ہیں اور ہوم سیکرٹری بھی اس کے اندر ممبر ہیں، تو اگر میڈم Agree کرتی ہیں تو جو میرا ابھی خیال بھی تھا لودھی صاحب سے بھی میں نے صلاح مشورہ کرنا تھا کہ ہم Next week اس لاء اینڈ آرڈر کمیٹی کی میٹنگ بلائیں اور اس کے ایجنڈے پر ہم یہ بھی رکھ لیں گے کہ یہ لیڈی کانسٹیبلز کے ساتھ جو ہو رہا ہے تو ان کو ذرا ریلیف دیا جائے اور ان کو زیادہ سہولت دی جائے۔ باقی تو اگر ان کے پاس چودہ ممبرز ہیں یا نہیں ہیں، بحث کے لئے بھی ہم تیار ہیں، میں تو Agree کروں گا Disagree میں پھر بھی نہیں کروں گا لیکن میرے خیال میں اگر Next ہم کیبنیٹ کی سب کمیٹی میں اس کو لے آئیں، ہم میڈم کو بھی Invite کر لیں گے اس ایجنڈا پوائنٹ کے لئے اور وہاں پر وہ بھی

ڈسکس کرلیں، آئی جی بھی بیٹھے ہونگے اور آئی جی سے پھر میٹنگ میں یہ بھی کہہ دینگے کہ جب میڈم فون کریں تو آپ ان کا فون ضرور اٹھایا کریں، ان کو بھی ہم بتا دینگے، ایسا کوئی مسئلہ بھی نہیں ہوگا، تو اگر وہ Agree کرتی ہیں تو نیکسٹ کیبنیٹ سب کمیٹی میں ہم اس کو لے آئیں گے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: میڈم، آپ نے بات کی لیکن میں اس سے پہلے آپ کو بتادوں کہ کوئسچن نمبر جو ہے، 7120 جو آپ کا کوئسچن ہے اس پہ، اس پہ Rule 48 کے تحت وہ بحث کے لئے ریکوزیشن آگئی ہے، ریکویسٹ آگئی ہے، تو Tuesday کے دن، Tuesday کے دن، Tuesday کے دن اس پہ ان شاء اللہ تفصیلی بحث ہوگی جی۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جی بالکل جناب سپیکر، جیسے سلطان صاحب نے بات کی ہے، میں اس پہ ڈیٹیل میں ابھی نہیں جانا چاہتی کیونکہ اس میں بہت سی ڈیٹیل باتیں ہیں تو، میں بالکل آنر محسوس کرونگی کہ اگر میں اپنی کانسٹیبل جو لیڈی کانسٹیبلز ہیں اور جو مرد کانسٹیبلز ہیں، ان کے لئے کچھ کر سکوں کیونکہ ان کو اوور ٹائم بھی نہیں ملتا ہے جو ہمارے یہاں پر باہر بیٹھے ہوتے ہیں، سارا سارا دن ڈیوٹی کرتے ہیں تو اس پہ میں بالکل آؤنگی اور میں بالکل Voluntarily آپ کے ساتھ بیٹھ کے اور اس پہ ڈسکشن کرنے کے لئے تیار ہوں اور جو اس میں نکتے ہیں وہ میں ضرور آپ کے علم میں لے کر آؤنگی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: Rule 48 کے تحت آپ جتنی وہ ہیں آپ اس کو پورا کر کے Tuesday کو آئیں۔ آصف خان صاحب، جی جناب آصف خان صاحب، آصف خان صاحب۔

<u>جناب آصف خان</u>: جناب سپیکر، یہ جو واقعہ ہوا تھا وہ میرے حلقے میں ہوا تھا تو وہ ان کی انفارمیشن کے لئے، میں ان کو وہ ویڈیو بھی بتا سکتا ہوں، چونکہ انہوں نے کہا ہے آئی جی صاحب کال نہیں Attend کرتے، آئی جی صاحب ہمارے نہایت ہی اچھے ذمہ دار افسر ہیں، تو ان کو جب ہم نے کال کی ہے واٹس اپ کئے ہیں، میسج کئے ہیں انہوں نے جواب دیا ہے مگر انہوں کہا ہے کہ ہشتنگری پولیس والا جو واقعہ ہوا تھا، چونکہ وہ میرے حلقے میں ہوا تھا، تو میں ان کو وہ ڈیٹیل بتانا چاہتا ہوں، جب پولیس۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: آصف خان صاحب، آصف خان صاحب، ٹھیک ہے وہ پھر آپ، آپ بیٹھ جائیں (قطع کلامیاں)، میڈم Cross talk نہ کریں Cross talk نہ کریں، Cross talk نہ کریں، Cross talk نہ کریں، (قطع کلامیاں) Cross talk نہ کریں، Cross, cross talk نہ کریں، Cross talk نہ کریں کوئسچن نمبر 7123، کوئسچن نمبر 7123 آصف خان صاحب، آپ بیٹھ

جائیں،   (قطع کلامیاں)   House in order, House in orderآصف خان صاحب، آپ بیٹھ جائیں،   (قطع کلامیاں)   آپ بیٹھ جائیں، آپ بیٹھ جائیں، آپ بیٹھ جائیں آپ کسی کو جواب نہیں دے سکتے، آصف خان صاحب، آصف خان صاحب، آصف خان صاحب، House in order میڈم نگہت اورکزئی   (قطع کلامیاں)   میڈم، میڈم آپ Cross talk نہ کریں، آپ بیٹھ جائیں، آصف خان صاحب، آپ کسی کو اس طرح جواب نہیں دے سکتے، آپ کا کوئی ہے تو آپ کوئسچن لے آئیں باقاعدہ، نہیں آپ کسی، نہیں آپ اس طرح جواب نہیں دے سکتے، سوری، کوئسچن نمبر 7123، محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ۔

* 7123 _ محترمہ ریحانہ اسماعیل: کیا وزیر کھیل وثقافت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت میں شیخ بدین ایک سیاحتی مرکز کے طور پر منتخب کیا گیا تھا، پر کتنا ترقیاتی کام ہوا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس کے لئے کل کتنی رقم مختص کی گئی ہے، یہ رقم کن کن مدات میں استعمال ہوئی اور مذکورہ منصوبہ کب مکمل ہوگا، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں یہ درست ہے کہ شیخ بدین کو صوبائی حکومت نے سیاحتی مرکز کے طور پر منتخب کیا ہے۔

(ب) موجودہ مالی سال یعنی 21-2020 کی اے ڈی پی میں "Approach Road to Sheikh Badeen" کے نام سے کل 3200 ملین کی لاگت کے منصوبہ کی منظوری دی گئی ہے۔ اس منصوبہ پر کام کا آغاز ابھی نہیں ہوا کیونکہ ابھی یہ ٹینڈر کے مرحلہ میں ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس منصوبہ پر ابھی تک کسی بھی قسم کا خرچہ نہیں کیا گیا ہے۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: شکریہ جناب سپیکر، یہ کوئسچن میں نے لکی مروت کے سیاحتی مقام شیخ بدین کے بارے میں پوچھا تھا کہ یہاں کی ترقی کے لئے کتنی رقم مختص کی گئی ہے؟ جس کا جواب مجھے انہوں نے دیا ہے کہ 21-2020 کی اے ڈی پی میں Approach Road کے لئے 32 ملین کی لاگت کے منصوبہ کی منظوری دی گئی ہے لیکن اس وقت تاحال کوئی کام نہیں ہوا۔ جناب، 20-2019 کی بجٹ سپیچ میں فنانس منسٹر نے ٹورازم ڈیویلپمنٹ کے لئے 3.7 ارب-----

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میڈم، جی۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: 3.7 ارب کا اعلان کیا تھا جس میں ایک ارب موجودہ سال کے لئے ملاکنڈ اور ہزارہ ڈویژن کی ڈیویلپمنٹ کے لئے رکھے گئے تھے اور 15 کروڑ کا اعلان شیخ بدین کے روڈ کے لئے تھا، تو میں پوچھنا یہ چاہتی ہوں کہ وہ پچھلا سال بھی گزر گیا، یہ اس سال میں اماؤنٹ رکھی گئی ہے لیکن تاحال اس پہ کوئی کام نہیں ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی احمد کنڈی صاحب، احمد کنڈی۔

جناب احمد کنڈی: جی شکریہ سر، میں فاضل وزیر سے صرف یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہاں پہ جو شیخ بدین ہے، یہاں پہ کتنی Average یا Tentative land کتنی ہے جو یہ سیاحتی مرکز ہے اور دوسرا جو روڈ رکھا گیا ہے یہ وہ پرانی Alignment والا ہے یا یہ کوئی New alignment ہے جو یہ Recently ADP میں رکھا ہوا ہے۔ چونکہ وہاں پر پرانا بھی ایک روڈ ہے، اس کی بھی حالت ٹھیک نہیں ہے۔

Mr. Deputy Speaker: Last supplementary, Nighat Orkzai Sahiba.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سپیکر صاحب چونکہ ٹورازم کے حوالے سے بات ہو رہی ہے، یہ Am I right۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جو میڈم کا کوئسچن ہے، اس کے بارے میں اگر پوچھتے ہیں، سپلیمنٹری اس کے بارے میں ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، اس میں ٹورازم کے حوالے سے ہے، اس دفعہ چونکہ کورونا تھا اور زیادہ تر سیاح جا نہیں سکے ہیں اور میں نے Off the record منسٹر صاحب سے بات بھی کی تھی کہ چار سوٹن جو ٹراؤٹ مچھلی جو ہے تو وہ ضائع ہو گئی ہے، بجائے اس کے کہ اس کو مارکیٹ میں لے کر پشاور لاتے یا کسی اور مارکیٹ میں لے کر جاتے، میرے پاس تو باقاعدہ ویڈیو موجود ہے کہ جس میں کہ چار سوٹن ان کو میں نے اسی وقت بتا دیا تھا کہ یہ خراب ہونے والی ہے، تو اس کو مارکیٹ میں لے آئیں اور اس کو وہ کر لیں اور آپ بیچ کے اس سے مطلب انکم حاصل کر لیں لیکن انہوں نے میری بات کا کوئی جواب نہیں دیا، کبھی کہتے ہیں کہ کوئی نہیں خراب ہو رہی ہے جبکہ میرے پاس ویڈیو آ گئی ہے کہ وہ چار سوٹن مچھلی ٹراؤٹ قیمتی مچھلی خراب ہو گئی ہے تو اس کے بارے میں بھی اگر جواب دے دیں۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister, to respond.

جناب سلطان محمد خان (وزیر قانون): سر، یہ چونکہ کوئسچن ریحانہ اسماعیل صاحبہ کا ہے اور شیخ بدین ایک Tourist spot ہے اور گورنمنٹ نے اس کو ڈیکلیئر بھی کیا ہے، نیشنل پارک بھی ہے وہاں پہ، اس میں

سر، یہ دو روڈز اصل میں اس سال Approve ہوئے ہیں اور اس کے اوپر چیف منسٹر صاحب نے ایک سپیشل میٹنگ کی تھی اور چونکہ Approach یہ دونوں سائیڈ سے ہو سکتا ہے، ڈی آئی خان سائیڈ سے بھی ہوتا ہے اور لکی مروت سائیڈ سے بھی یہ دونوں Approaches ہیں اوپر شیخ بدین تک، تو یہ ہاؤس کے نالج کے لئے میں یہ بتا دوں سر، کہ جب میٹنگ ہوئی سی ایم صاحب کی چیئر مین شپ میں تو انہوں نے یہ Approval اب دے دی ہے کہ ڈی آئی خان ٹو شیخ بدین روڈ اور لکی مروت ٹو شیخ بدین روڈ یہ دونوں Approach روڈز جو ہیں اور ان کی منظوری بھی دے دی گئی ہے۔ اب سر، چونکہ آنریبل ممبر صاحبہ سمجھتی ہیں ان باتوں کو کہ گورنمنٹ کا جو بھی پراجیکٹ ہوتا ہے تو وہ جب اے ڈی پی میں آجاتا ہے تو اس کے بعد اس کا ایک پراسیس ہوتا ہے اس کا پی سی ون بنتا ہے، اس کے بعد وہ آتا ہے پی ڈی ڈبلیو او ڈیپارٹمنٹل اس کی کلیئرنس ہوتی ہے، پھر پی ڈی ڈبلیو پی میں جا کے وہاں پہ وہ کلیئر ہوتا ہے اور جب وہاں سے Approve ہو کے اس کی Administrative approval آجاتی ہے تو تب جا کے اس کا ٹینڈر لگتا ہے اور ٹینڈر ہونے کے بعد اس پہ کام شروع ہوتا ہے، تو میں یقین دہانی کرواتا ہوں کہ اس سال جو پورا پراسیس ہے سر، یہ ڈیویلپمنٹل اس کا، تو اس کے اوپر بھی دو ہفتے پہلے سی ایم صاحب نے ایک سپیشل میٹنگ بلائی ہوئی تھی اور جو جہاں پر جو Deficiencies ہیں جہاں پہ Ontime یہ پی سی ون Prepare نہیں ہوتے Ontime ڈیپارٹمنٹل اور پی ڈی ڈبلیو پی سے اس کی کلیئرنس نہیں ہوتی ہے تو اس کے لئے سی ایم صاحب نے Strict instructions دے دی ہیں کہ اکتوبر کے End تک یہ ساری جتنی بھی سکیمز ہیں یہ پی ڈی ڈبلیو پی سے Approve ہونی چاہیئں جتنی بھی اے ڈی پی کے اندر ہیں تاکہ ان کے اوپر ٹائم پر کام شروع ہو اور ریلیز ان کے لئے فنانس ڈیپارٹمنٹ سے ہو چونکہ زیادہ تر سکیموں، ڈیپارٹمنٹ جب تھوڑا سا اس سے کام لیتا ہے جو جلدی کام نہیں کرتے تو اس کی وجہ سے اگر آخری کوارٹر میں وہ سکیم Approve بھی ہو جاتی ہے تو پھر اتنا ٹائم نہیں رہتا کہ اس کے لئے ریلیز ہو اور اس کے اوپر کام ہو، تو میں ایشورنس دیتا ہوں کہ اس سال اکتوبر تک یہ ساری سکیمز بشمول اس سکیم کے جو Approve ہو کر ان کے لئے فنڈنگ جاری کر کے اس کے اوپر ان شاء اللہ ہم کام شروع کرینگے۔ باقی میڈم نے بھی ایک سپلیمنٹری کوئسچن پوچھا ہے، نگہت اورکزئی صاحبہ نے ٹراؤٹ کا، تو جناب سپیکر جی۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! سوری یہ چار سوٹن نہیں ہے یہ چار سو ہیچریز ہیں جس میں ٹراؤٹ کو پالا جاتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، اس میں جو ہے ہزارہ کے لئے کچھ منظور نہیں ہوا، اپر دیر میں بھی زیادہ پیدا ہوتی ہے، وہاں پر منظور نہیں ہوا، سارا کچھ وہ سوات گیا ہے۔

وزیر قانون: سر، میں بھی تھوڑا سا حیران ہوا تھا کہ جب انہوں نے چار سوٹن مچھلی کا کہا تو میں تو خود ٹراؤٹ کھانے کا شوقین ہوں، میں نے کہا جی چار سوٹن، ہمیں تو چار ٹن بھی کہیں پہ مل جائے تو میرے خیال میں بہت زیادہ ہوتی ہے لیکن چار سوٹن بہت زیادہ ٹراؤٹ ہوتی ہے۔ لیکن بہر حال جی چونکہ فشریز ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ اس کا تعلق ہے تو میں اس کو ریفر کرتا ہوں اور وہاں پر فشری ڈیپارٹمنٹ وہ دیکھ لے تاکہ ضائع نہ ہوں کیونکہ ٹورسٹ تو ابھی جانا شروع ہوئے ہیں لیکن اس کے لئے کوئی طریقہ کار نکالیں تاکہ وہاں پہ لوگوں کا روزگار ہوتا ہے اس ہیچریز کی وجہ سے تو ان کو ریلیف مل جائے گا۔ تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میڈم ریحانہ اسماعیل صاحبہ، مطمئن یئی؟

محترمہ ریحانہ اسماعیل: جناب منسٹر صاحب نے کہا مجھے پراسیس کا پتہ ہے لیکن Annual Development Program کا مطلب ہے کہ ایک سال کے لئے جو پروگرام ہے تو اس میں اگلے سال کے لئے بھی رقم رکھی گئی ہے اور وہ پچھلے سال کی رقم میں بھی کچھ نہیں ہوا، تو کیا ایک ساتھ لگائیں گے، کیا پروگرام ہے ان دو سال کی اے ڈی پی کو ملا کے کام کرینگے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سلطان خان صاحب۔

وزیر قانون: سر، میں بڑے ادب کے ساتھ، وہ اس آنریبل ہاؤس کے ممبر ہیں ان کو ضرور یہ پتہ بھی ہو گا لیکن اگر نہیں پتہ تو میں پھر بتا دیتا ہوں، اے ڈی پی میں جو بھی سکیم آ جاتی ہے، یہ کوئی آج کی بات نہیں ہے، اس حکومت کی بات نہیں ہے، پچھلی کی بات نہیں ہے، یہ تو اسی طرح چلتا آ رہا ہے، اگر کوئی سکیم اے ڈی پی میں شامل ہو جاتی ہے اور اس کے لئے رقم مختص ہو جاتی ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا ہے کہ وہ رقم وہاں پر پڑی ہوئی ہے، جب وہ سکیم، یہ میں نے جتنے بھی فورمز بتائیں ہیں، ان سے جب Approve ہو کے اس کے بعد اس پہ کام شروع ہوتا ہے تو وہ رقم خرچ ہونا شروع ہو جاتی ہے اور اگر ایک سال کی اے ڈی پی میں ایک سکیم Reflected ہوتی ہے، لیکن اگر اس پہ کوئی کام نہیں ہو جاتا تو وہ اگلے سال کے لئے وہ ٹرانسفر ہو جاتی ہے، تو اس میں اسی طرح ہوا ہے کہ اس سال یہ سکیم واپس بحال رکھی گئی ہے اور ان شاء اللہ جس طرح میں نے Commit کیا ہے کہ اکتوبر تک اس کی Approval پی ڈی ڈبلیو پی سے ہو کے، تو میں

Limit بتا رہا ہوں، ہماری کوشش ہو گی کہ ستمبر تک اسی مہینے میں ہم اس کی Approval کروائیں اور ان شاء اللہ وہ دیکھیں گے کہ نومبر دسمبر میں اس کے اوپر، گراؤنڈ کے اوپر کام شروع ہوگا، یہ میں ان کو ایشورنس دیتا ہوں جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے میڈم، Satisfied۔ کوئسچن نمبر 7045، محترمہ شاہدہ وحید صاحبہ۔

* 7045 _ محترمہ شاہدہ وحید: کیا وزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا بالخصوص ضلع مردان میں پولیس بھرتی ہوئی؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان بھرتیوں میں شہیدوں اور معذور افراد کا کوٹہ مقرر ہے؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو ضلع مردان میں محکمہ پولیس کی کل کتنی آسامیاں خالی تھیں، نیز میرٹ، شہیدوں کا کوٹہ اور معذور افراد کے کوٹہ پر بھرتی شدہ افراد کی علیحدہ علیحدہ لسٹ فراہم کی جائے اور جو پوسٹیں اب تک خالی ہیں، ان کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی نہیں۔

(ج) جہاں تک شہداء کے کوٹے کی بات ہے تو سٹینڈنگ آرڈر نمبر 4/2014 کے مطابق بہت سے پولیس افسران اور جوانوں کی شہادت کے بعد ان کے ورثاء کے لئے مخصوص کیا گیا پانچ فیصد کوٹہ کم پڑ گیا اور بہت سے شہیدوں کے ورثاء (ویٹنگ لسٹ) پر سالوں سے پڑے اپنی باری کا انتظار کر رہے تھے جس کی وجہ سے اکثر امیدواران زائد العمر ہو گئے اور بھرتی کے لئے غیر موزوں قرار دیئے گئے، لہذا ایسی صورتحال کو دیکھتے ہوئے انہیں یہ موقع دیا گیا کہ وہ اگر مطلوبہ تعلیمی اور جسمانی معیار کے مطابق ہے تو وہ پولیس میں بحیثیت کانسٹیبل کسی بھی وقت اپنے آبائی ضلع میں بھرتی ہو سکتے ہیں۔ اور جب PASI سیٹ خالی ہو جائے تو اپنی باری پر وہ PASI بھرتی ہو جائیں گے۔ پولیس میدان میں لڑنے والی فورس ہے جس میں معذور پولیس جوانوں کے لئے کوئی آسامی نہیں، اس کے ساتھ یہ بات بھی قابل ملاحظہ ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بہت سے افسران اور جوان زخمی ہو کر معذور ہو چکے ہیں۔ جن کو ان اسامیوں پر محکمہ میں رکھا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ موجودہ وقت میں کوئی بھی آسامی خالی نہیں ہے۔

محترمہ شاہدہ وحید: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، میرا سوال نمبر 7045، میں نے بھرتی شدہ شہداء کے ورثاء اور معذور افراد کی لسٹ مانگی تھی، محکمہ نے تو خالی آسامیوں کی لسٹ فراہم کی اور نہ ہی

بھرتی شدہ ملازمین کی لسٹ فراہم کی لیکن بہت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ میں کچھ اور کہہ رہی ہوں اور محکمہ کچھ اور فراہم کرتا ہے، محکمہ نے لکھا ہے کہ معذور افراد کا پانچ فیصد کوٹہ کم پڑ گیا۔ جناب سپیکر صاحب، پہلے تو وزیر صاحب یہ بتائیں کہ میں غلطی پہ ہوں یا محکمہ نے جان بوجھ کر غلط جواب دیا ہے، ایسے جواب سے میرا اور پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہو رہا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، محکمہ نے لکھا ہے کہ معذور افراد کا کوٹہ کم ہے۔ میری یہ درخواست ہے کہ اس سوال کو کمیٹی میں ریفر کریں، اگر واقعی معذور شہداء کے کوٹہ کی کمی کی بات ہے تو ممبران صاحبان مل کر اس کا کوئی حل نکالیں، محکمہ پولیس کے شہداء اور معذور ملازمین کی اس قوم کے لئے بے انتہا قربانیاں ہیں، لہذا اس پہ غور کیا جائے شکریہ۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister, to respond.

وزیر قانون: سر، آنریبل ممبر صاحبہ نے جو سوال پوچھا ہے، اس میں چونکہ انہوں نے شہیدوں کے لئے اور معذور افراد دونوں کا پوچھا ہے، تو وہ محکمے نے تو جواب دے دیا ہے لیکن سر، اس میں کوئی Compromise یا کوئی سیاست یا کوئی اختلاف نہیں ہے کہ جو شہید ہیں ہمارے پولیس ڈیپارٹمنٹ میں، ان کی قدر ہمارے دلوں میں بھی ہے اور ان کو ہم، ان کے بچوں کو اور ان کے لواحقین کو بھی ہم وہ عزت دینا چاہتے ہیں، خواہ اپوزیشن ممبرز ہوں خواہ وہ گورنمنٹ کے ممبرز ہوں تو جناب سپیکر اس میں کوئی ایسی بات نہیں ہے، میں تو اس کے لئے بھی تیار ہوں کہ اگر آنریبل ممبر صاحبہ یہ محسوس کرتی ہیں کہ اس کے اوپر تھوڑی سی کمیٹی کے اندر بات ہونی چاہیئے اور یہ طریقہ کار ذرا از سر نو سے دیکھنا چاہیئے کہ اس میں کیا بہتری آسکتی ہے تو مجھے تو کوئی اعتراض نہیں ہے کہ اگر اس کو کمیٹی میں بھیج دیں، وہاں پر ڈسکس کر لیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم شاہدہ وحید صاحبہ۔

محترمہ شاہدہ وحید: ٹھیک ہے جی، بالکل یہ آپ نے صحیح فرمایا ہے لیکن اس میں جو خالی آسامیاں ہیں اس کی میرٹ لسٹ مجھے نہیں ملی ہے نا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تو آپ کمیٹی میں بھیجنا چاہتے ہیں؟

محترمہ شاہدہ وحید: ہاں سر، ایک تو میں نے وہ کیا تھا۔ ایک دوسرا جو ہے تو کل خالی آسامیوں کی لسٹ، میرٹ لسٹ کا مجھے بتا دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کیا چاہتی ہیں، بی بی؟

محترمہ شاہدہ وحید: ہاں، وہ بھجوا رہے ہیں لیکن وہ تو ایک شہداء والا ہے نا، دوسرا یہ میں نے آسامیوں کی میرٹ لسٹ مانگی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم، یہ آپ کا جو سوال ہے آپ کو خود سمجھ نہیں آ رہی ہے کہ آپ کیا کہہ رہی ہیں، آپ کو خود سمجھ نہیں ہے۔

محترمہ شاہدہ وحید: نہیں نہیں، مجھے سمجھ آ رہی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس لئے کہ آپ کو وہ لکھا ہوا پیپر ملا ہے اور آپ نے وہ پیپر سے پڑھ لیا ہے۔

محترمہ شاہدہ وحید: ٹھیک ہے، وہ کمیٹی میں بھیج دیں تو پھر صحیح ہے نا، ٹھیک ہے جی۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that Question No. 7045 may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The Question is referred to the concerned Committee. Question No. 7173, Ms. Humaira Khatoon.

* 7173 _ حمیرا خاتون: کیا وزیر سیاحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ سپورٹس کلچر، ٹورازم اینڈ میوزیم میں مروجہ قوانین کے تحت کلاس فور ملازمین کی بھرتیوں کے سلسلے میں معذوروں، اقلیتوں، خواتین اور ایمپلائز سننز کوٹہ مقرر ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب ہاں میں ہے تو گزشتہ ایک سال کے دوران محکمہ سپورٹس کلچر، ٹورازم اینڈ میوزیم میں معذوروں، اقلیتوں، خواتین اور ایمپلائز سننز کوٹہ کے تحت بھرتی ہونے والے ملازمین کی سکیل اور ضلع وار تعداد کتنی ہے، نیز ان بھرتیوں سے متعلق اپنائے گئے طریقہ کار کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) محکمہ سپورٹس کلچر و ٹورازم اینڈ میوزیم کے ذیلی دفاتر میں مروجہ طریقہ کار کے مطابق کوٹہ کے تحت بھرتی کئے گئے افراد کی تفصیل درج ذیل ہے:

ڈائریکٹریٹ جنرل سپورٹس:

دو معذور افراد کو ضلع پشاور اور یک کو ایبٹ آباد میں سکیل تھری میں بھرتی کیا گیا ہے، اسی طرح چھ اقلیتی افراد کو پشاور، ایک کو ایبٹ آباد میں سکیل تھری میں بھرتی کیا گیا ہے۔ خواتین کوٹہ کے تحت دو افراد کو پشاور

اور ایک کو ایبٹ آباد میں سکیل چھ اور تھری میں بھرتی کیا گیا ہے۔ ایمپلائز سنز کوٹہ کے تحت دو افراد کو پشاور میں سکیل تھری میں بھرتی کیا گیا ہے۔

ڈائریکٹریٹ آف آرکیالوجی اینڈ میوزیم میں تین افراد کو سکیل تھری میں پشاور میں معذور افراد کے کوٹہ کے تحت بھرتی کیا گیا ہے۔

ٹوارزم کارپویشن میں گزشتہ ایک سال کے دوان کسی بھی قسم کی بھرتی نہیں کی گئی ہے۔

ڈائریکٹریٹ آف کلچر: صرف ایک فرد کو سکیل تھری میں پشاور میں ایمپلائز سنز کوٹہ کے تحت بھرتی کیا گیا ہے۔

محترمہ حمیرا خاتون: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، ایک اس کا یہ مسئلہ ہوا ہے کہ مجھے اس کا جواب ابھی میں نے کمپیوٹر کے اوپر دیکھا ہے، کل مجھے اپوزیشن چیمبر کے آفس سے فون آیا تھا چار ساڑھے چار بجے، انہوں نے کہا ہے کہ آپ کا جواب یہاں پہ Put up ہوا ہے لیکن ظاہر ہے کہ وہاں سے جواب لینا تو میرے لئے ممکن ہی نہیں تھا۔ دوسرا جو اس جواب کے اندر میں نے چیزیں دیکھی ہیں، تو اس میں پہلا مسئلہ یہ ہے کہ میں نے سوال کے پہلے جز میں کوٹہ کا پوچھا ہے جو کہ میرے خیال میں، میرے ہر سوال میں کوٹے کا پوچھا جاتا ہے لیکن یہ ٹیکنیکل جواب ہے جس میں آنا چاہیئے اس لئے کہ کوٹے کی Basis پہ ہی آگے جواب کا تسلسل جاری رکھا جا سکتا ہے۔ لیکن اس میں کوٹے کا جواب نہیں دیا گیا۔ دوسرا جو اس میں مسئلہ ہے وہ ہے جو یہاں پہ Vacancy ایک Show ہوئی ہے پورے ایک سال کے اندر کلچرل ڈیپارٹمنٹ میں ایک ہی Vacancy جو ہے، ایک بھرتی ہوئی ہے، تو میرا سوال یہ ہے کہ آیا کلچرل ڈیپارٹمنٹ میں پوسٹ یعنی ڈیکلیئر ہی نہیں ہوئی تھی کہ اس میں ایک پوسٹ ڈیکلیئر ہوئی ہے اور ایک ہی پہ انہوں نے بھرتی کی ہے اور دوسرا ٹورازم میں جو ہے پورے سال کے اندر کوئی بھرتی نہیں ہوئی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔ Concerned Minister, to respond۔

وزیر قانون: سر، جواب محکمے نے پورا ان کو فراہم کر دیا جو انہوں نے پوچھا ہے، اگر آپ دیکھ لیں تو میں ڈیٹیل میں نہیں جاؤں گا جو انہوں نے دو پوائنٹس اٹھائے ہیں، اسی کے اوپر میں بتا دیتا ہوں، ایک تو سر، یہ انہوں نے کوٹہ کی بات ہے تو انہوں نے جن جن کا بتایا ہے جی اور انہوں نے پوچھا ہے آنریبل ممبر نے، معذوروں، اقلیتوں اور خواتین اور ایمپلائز سنز کا کوٹہ مقرر ہے تو انہوں نے جواب دے دیا ہے کہ ہاں مقرر ہے، اس میں سر، اگر Percentage کا پوچھنا چاہتی ہیں تو وہ تو ان کا الگ الگ پھر ہے، مثلاً ریٹائرڈ کا 25

پرسنٹ ہے Deceaseکا 100 پرسنٹ ہوتا ہے، وہ تو ان کو بھی پتہ ہے، بطور ممبر ہم سب کو یہ پتہ ہوتا ہے کہ کتنا کوٹہ ہوتا ہے؟ پھر انہوں نے دو جگہوں پہ کہ ڈائریکٹریٹ آف کلچر میں وہ پوچھ رہی ہیں سپلیمنٹری میں کہ ایک سیٹ اگر آئی ہے تو صرف ایک سیٹ آئی تھی اور اس پہ ایک ہی بندہ اپوئنٹ ہوا ہے، تو سر، اگر آپ دیکھ لیں تو یہ ایمپلائز سنز پہ ایک بندہ اپوائنٹ ہوا ہے، تو اگر 25 پرسنٹ ان کا کوٹہ ہوتا ہے تو آپ اندازہ لگا سکتے ہیں خود کہ اگر سیٹ وہاں پہ دی ہوئی ہے تو وہ 25 پرسنٹ کو آپ دیکھ لیں تو یہ تقریباً چار سیٹس بنتی ہیں، تو چار سیٹس آئی ہونگی اور اس میں 25 پرسنٹ میں ایک سیٹ جو ہے وہ ایمپلائز سنز کو دیا گیا ہے۔ دوسرا وہ پوچھ رہی ہیں کہ ٹورازم میں، تو ٹورازم میں چونکہ میں بہت زیادہ چینجز آئی ہیں، اس اسمبلی نے ایک نئی قانون سازی بھی کی ہے اور اس میں ایک ٹورازم اتھارٹی بھی ابھی بن گئی ہے، جو ٹورازم کے ایمپلائز ہیں تو وہ اس وقت وہ اپنی جگہ پر ہیں تو اس لئے اس سال، اس ٹورازم ڈیپارٹمنٹ کے اندر اگر Vacancy نہیں آئی ہے، اگر نہیں موجود ہے تو اس لئے انہوں نے ان کو تو ریکارڈ فراہم کر دیا کہ اس سال نہیں ہوئی ہے اور جس طرح بھی Vacancies آتی ہیں تو اس Percentages کے مطابق جو کوٹہ ہوتا ہے، مختلف تو اس کی بنیاد پر اس میں ان کو ایڈجسٹ کر دیا جاتا ہے۔

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Ji, Madam, satisfied?

<u>محترمہ حمیرا خاتون</u>: جی شکریہ، جناب سپیکر۔

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

7050 _ جناب <u>سراج الدین</u>: کیا وزیر کھیل ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سال 2019-20 کے سالانہ ترقیاتی منصوبہ عمل میں محکمہ کے لئے کتنی رقم مختص کی گئی تھی اس کی ضلع وار مالیت کیا تھی؛

(ب) سال 2019-20 کے سالانہ ترقیاتی منصوبہ عمل میں محکمہ کے لئے اے ڈی پی میں مختص شدہ فنڈز سے کتنی رقم ریلیز ہوئی اور اس میں سے کتنی رقم خرچ ہوئی اور کتنی لیپس ہوئی، ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے، نیز رواں سال 2020-21 کے سالانہ ترقیاتی منصوبہ عمل اے ڈی پی میں محکمہ کے لئے مختص رقوم کی بھی ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ)</u>: (الف) سال 2019-20 کے سالانہ ترقیاتی منصوبہ عمل میں محکمہ کے لئے مختص کی گئی رقم کی تفصیل لف (الف) ایوان کو فراہم کی گی۔

(ب) اس کی تفصیل لف (ب) ایوان کو فراہم کی گی۔

7062 _ جناب سراج الدین: کیا وزیر سائنس وٹیکنالوجی وانفارمیشن ٹیکنالوجی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبہ بھر میں محکمہ کے تحت اقلیتوں، معذروں اور خواتین کی خالی پوسٹوں کی ضلع وار اور سکیل وار تعداد کتنی ہے، نیز ان خالی پوسٹوں پر تقرریوں کے لئے حکومت کیا اقدامات کر رہی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؛

(ب) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران صوبہ بھر میں محکمہ کے تحت اقلیتوں، معذروں اور خواتین کی مخصوص نشتوں پر بھرتی ہونے والے ملازمین کی ضلع اور سکیل وار تعداد کتنی ہے۔ نیز ان بھرتیوں سے متعلق اپنائے گئے طریقے کی وضاحت کی جائے؟

جناب ضیاء اللہ خان (مشیر سائنس وٹیکنالوجی): (الف) جی ہاں۔

(ب) محکمہ سائنس ٹیکنالوجی وانفارمیشن ٹیکنالوجی کے زیر سایہ دو ذیلی ادارے کام کر رہے ہیں:

(01) ڈائریکٹوریٹ آف سائنس وٹیکنالوجی۔

(02) خیبر پختونخوا انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ۔

سال 2018 میں صوبائی حکومت کے فیصلے کے تناظر میں ڈائریکٹوریٹ آف سائنس وٹیکنالوجی کی تنظیم نو ہوئی اور نئی آسامیاں بنائی گئیں جن کے سروس رولز متعین کئے گئے جس کا اعلامیہ بمورخہ 20-01-31 کو جاری ہوا۔

مذکورہ نئے جاری کردہ سروس رولز کی راہنمائی میں موجودہ خالی آسامیوں پر موزوں امیدواروں کی تقرریاں عمل میں لائی جائیں گی۔ کچھ آسامیوں پر موجودہ ماتحت سٹاف کو ترقی دی جائے گی جبکہ باقی خالی آسامیاں مروجہ قوانین کے تحت محکمانہ توسط سے یا پھر پبلک سروس کمیشن کی راہنمائی میں باقاعدہ مشتہر کی جائیں گی۔ جن میں اقلیتوں، معذوروں اور خواتین کے لئے مختص کوٹہ کو حسب قوانین ملحوظ خاطر رکھا جاتا ہے۔

خیبر پختونخوا انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ میں تاحال اقلیتوں، معذوروں اور خواتین کی خالی پوسٹوں کی تفصیل ذیل ہے:

1۔ اقلیتی کوٹہ: (کل مختص شدہ 75 پوسٹوں کا 5 فیصد) دو آسامیاں خالی ہیں جن کو پر کیا جارہا ہے۔

2۔ معذور کوٹہ: (کل مختص شدہ پوسٹوں کا 2 فیصد) دو آسامیاں خالی ہیں جن کو پر کیا جارہا ہے۔

3۔ خواتین کوٹہ: (کل مختص شدہ 75 پوسٹوں کا 10 فیصد) ابتدائی طور پر چھ آسامیوں پر بھرتی ہو گئی تھی جس میں تین خواتین نے دوسرے محکموں میں روزگار اختیار کیا۔ پانچ خالی آسامیوں کو بھی جلد پر کیا جائے گا۔

تمام خالی آسامیوں پر بھرتیاں قانون کے مطابق عمل میں لائی جائیں گی۔

خیبر پختونخوا انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ ایک خود مختار ادارہ ہے جو کہ خیبر پختونخوا انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ ایکٹ 2011 کے تحت وجود میں آیا ہے۔ خیبر پختونخوا انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ سروس ریگولیشن میں کوٹہ سسٹم کو بیان نہیں کیا گیا تاہم اقلیتی، معذور اور خواتین کوٹہ سیٹوں کو مختص کرنے کے حوالے سے آئندہ منعقد ہونے والے کے پی آئی ٹی بی ہیومن ریسورس اینڈ ریمینونیرشن کمیٹی کے اجلاس میں فیصلہ کیا جائے گا۔ ڈائریکٹوریٹ آف سائنس و ٹیکنالوجی کے تحت گزشتہ پانچ سالوں کے دوران صوبہ بھر میں اقلیتوں، معذوروں اور خواتین کی مخصوص نشستوں پر کوئی بھرتی عمل میں نہیں لائی گئی۔ لہذا موجودہ عملہ میں کچھ کنٹریکٹ و مستقل ملازمین مستند معذور افراد موجود ہیں جو موجودہ مروجہ قوانین یعنی Project APT Rules کے تحت بھرتی ہوئے جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

مستقل ملازمین:

1۔ محمد وارث خان، معذور نائب قاصد BPS-4 بھرتی کا سال 2007۔

2۔ محمد عابد معذور نائب قاصد BPS-3 بھرتی کا سال 2018۔

پراجیکٹ / کنٹریکٹ ملازمین:

3۔ محمد اظہار معذور نائب قاصد BPS-3۔

4۔ صبا گل، خاتون اسسٹنٹ پراجیکٹ کوآرڈینیٹر (BPS-16) خیبر پختونخوا انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ میں اقلیتوں، معذوروں اور خواتین کی مخصوص نشستوں پر بھرتی ہونے والے ملازمین کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

سیریل نمبر	مخصوص پوسٹ	سکیل	آسامیوں کی تعداد	ضلع	بھرتی کا طریقہ کار
1۔	اقلیتی سیٹ	S3 (BPS-1-4)	02	پشاور، ایبٹ آباد	کے پی آئی ٹی بورڈ ایکٹ 2011 کے تحت۔
2۔	معذور کے لئے سیٹ	۔	۔	۔	بھرتیوں کا عمل جاری ہے۔
3۔	خواتین کے لئے سیٹ	M5 (BPS-18) مساوی	03	پشاور	کے پی آئی ٹی بورڈ ایکٹ 2011 کے تحت۔

7024 _ محترمہ ثوبیہ شاہد: کیا وزیر جیل خانہ جات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ہری پور جیل میں قیدیوں کی کتنی تعداد ہے اور کتنا سٹاف بھی موجود ہے تمام سٹاف کی لسٹ مہیا کی جائے، نیز جیل ہذا میں مریضوں کی دیکھ بھال کے لئے کتنے ڈاکٹرز تعینات ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب تاج محمد (معاون خصوصی جیل خانہ جات): (الف) ہری پور جیل میں قیدیوں کی موجودہ تعداد 1234 ہے اور اس جیل میں سٹاف کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی ہے اور بیمار قیدیوں کی دیکھ بھال کے لئے ایک سینئر میڈیکل آفیسر، ایک میڈیکل آفیسر اور ایک فی میل میڈیکل آفیسر بمعہ پیرا میڈیکس سٹاف تعینات ہیں۔

7222 _ محترمہ ثوبیہ شاہد: کیا وزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ اسلحہ لائسنس کا اجراء کرتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مئی 2013 سے تاحال نئے لائسنس کی تفصیل، نام لائسنس ہولڈر، پتہ، شناختی کارڈ کی کاپی، ممنوعہ / غیر ممنوعہ، سرکاری / غیر سرکاری اور تاریخ اجراء کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ): (الف) جی نہیں، صوبائی محکمہ داخلہ انفرادی اسلحہ لائسنس کا اجراء نہیں کرتا بلکہ مجوزہ لائسنس کا اجراء اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کرتے ہیں۔ مزید یہ کہ ڈپٹی کمشنرز صرف غیر ممنوعہ بور اسلحہ لائسنس کا اجراء کرتے ہیں۔

(ب) 2013 سے تاحال ضلع وار نئے لائسنسوں کی تعداد 2,49,939 ہے جن کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: Leave Applications: جناب عبدالکریم خان صاحب، ایم پی اے 4 ستمبر؛ جناب سردار خان صاحب، ایم پی اے 4 ستمبر، جناب ہشام انعام اللہ خان صاحب، وزیر سماجی بہبود 4 ستمبر؛ جناب بلاول آفریدی صاحب، ایم پی اے 4 ستمبر؛ جناب فضل حکیم صاحب، ایم پی اے 4 ستمبر، جناب انور زیب خان، ایم پی اے 4 ستمبر، سید اقبال میاں صاحب، ایم پی اے 4 ستمبر، جناب جمشید خان مہمند صاحب، ایم پی اے 4 ستمبر؛ جناب محمد نعیم خان صاحب، ایم پی اے 4 ستمبر، جناب بابر سلیم خان سواتی

صاحب، ایم پی اے 4 ستمبر، جناب محمد اقبال وزیر صاحب، منسٹر 4 ستمبر، جناب نثار احمد خان صاحب، ایم پی اے 4 ستمبر، جناب لائق محمد خان صاحب، ایم پی اے 4 ستمبر، حافظ عصام الدین صاحب، ایم پی اے 4 ستمبر، جناب عاقب اللہ خان صاحب، ایم پی اے 4 ستمبر، محترمہ بصیرت خان صاحبہ، ایم پی اے 4 ستمبر، محترمہ نادیہ شیر صاحبہ، ایم پی اے 4 ستمبر۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The leave is granted. Malik Badshah Saleh, Point of order, ji.

زه به په ایجنډه را شم جی، بنه، ایجنډا پوره شی نو هغې نه پس به ټولو له موقع ورکړم، تا سو له به، ټول هاؤس له به۔

ملک بادشاہ صالح: زما ډیره ضروری خبره ده جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Order of the day کمپلیټ کړم جی۔

مسئلہ استحقاق

Mr. Deputy Speaker: Item No. 5, Privilege Motion: Ms Sumayya Bibi, MPA, to please move her Privilege Motion No. 83, in the House. Sumayya Bibi.

محترمہ سمیہ بی بی: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، عرض یہ ہے کہ 2020-08-31 کو بنوں کے ڈی ای او فیمیل ایجوکیشن آفس میں چند خالی کلاس فور آسامیوں پر ڈی ای او فی میل انٹرویو لے رہی تھی جس میں زیادہ تر امیدوار بنوں کے، دیگر معزز ممبران اسمبلی کے منتخب کردہ لسٹ میں شامل تھے۔ چند انٹرویو دینے کے خواہش مند تعلیم یافتہ بیروزگار نوجوان میرے پاس آئے اور ڈی ای او فی میل کے خلاف انٹرویو میں شامل نہ کرنے کی شکایت کی، جس پر میں نے انٹرویو سے دو دن پہلے ڈی ای او سے بات کی تو ڈی ای او فی میل نے مجھے کہا کہ میں تمہیں ایم پی اے نہیں مانتی اور اگر کوئی مجھے ہٹا سکتا ہے تو ہٹا لے اور بالکل بات کرنے کو تیار نہیں تھی۔ پھر میں نے ایڈیشنل ڈی ای او سے کہا کہ اس کو سمجھا لو جس کے بعد ایڈیشنل ڈی ای او بنوں نے کہا کہ لسٹ ہمیں بھجوا دو، لوگوں کو انٹرویو میں شامل کر لیں گے، تو انٹرویو کے دن جب میرے نمائندے نے میری ذاتی لسٹ ڈی ای او فی میل کے سامنے رکھی تو ڈی ای او فی میل اور اس کے ساتھ فرخ سیار، جو کہ محکمہ تعلیم کے کسی سکول میں ہیڈ ماسٹر ہے دونوں نے انٹرویو، لینے سے میری استدعا مسترد کر دی اور میرے نمائندے کو انٹرویو امیدواران کے سامنے میرے خلاف نازیبا اور گستاخانہ الفاظ استعمال کئے

اور کہا کہ مخصوص نشست پر ایم پی اے کی کوئی حیثیت نہیں ہوتی اور انہوں نے مجھے کہا کہ مجھے سیکرٹری ایجوکیشن یا ڈائریکٹر سے لیٹر بھجوادو کہ تم ایم پی اے ہو یا نہیں؟ جناب سپیکر، اس سے نہ صرف میرا بلکہ سارے مقدس ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، لہذا ان افسران کے خلاف سخت کارروائی کی جائے، نیز ڈی ای او بنوں سے پوچھا جائے کہ انہوں نے انٹرویو سے قبل، بنوں سے بیروزگار تعلیم یافتہ نوجوانوں کی لسٹ طلب کی تھی اور خالی آسامیوں کو کس اخبار میں شائع کیا گیا یا نہیں؟ نیز اس سے ہم سب کی بے عزتی ہوئی ہے اور یہ فرخ سیار کو کس نے حق دیا ہے کہ وہ میرے ساتھ ایسا کرے؟ شکریہ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی منسٹر صاحب۔

<u>سلطان محمد خان (وزیر قانون)</u>: سر، میں جو، مطلب یہاں پر ایک ہماری ٹریڈیشن بھی ہے اور روایات بھی ہیں کہ کسی بھی ممبر کی اگر پریویلج موشن آتی ہے تو وہ ہم اس کو ضرور، کیونکہ ممبر قابل احترام ہوتا ہے اور اس ہاؤس میں جب آتے ہیں تو ہم اس کو کمیٹی میں بھیج دیتے ہیں۔ اس طرح کا کوئی مسئلہ نہیں ہوتا لیکن چونکہ میں نے ابھی یہ پریویلج موشن پڑھی ہے تو اس میں سر، بات ملازمت دینے کی یا نہ دینے کی ہے، تو میں تو ممبر سے یہی ریکویسٹ کروں گا کہ ہم بیٹھ جائیں گے، ہمارے ایجوکیشن کے جو منسٹر ہیں، اکبر ایوب صاحب، تو ان کے ساتھ آنریبل ممبر صاحبہ اور میں بھی، اگر کہتے ہیں تو میں Coordinate کرلوں گا اور اکبر ایوب صاحب کے ساتھ اور سیکرٹری ایجوکیشن کے ساتھ بیٹھ جائیں گے، اس ڈی ای او کو بھی بلالیں گے اور ان سے پوچھ لیں گے، کہ پورا طریقہ کار بھی دیکھ لیں گے، Obviously بغیر Legal formalities کے تو کوئی بھی ایمپلائنمنٹ نہیں ہو سکتی، جو ایمپلائنمنٹ ایکسچینج سے ریکارڈ منگوانا پڑتا ہے، وہ سارا پورا کرنا پڑتا ہے، تو میں تو پھر بھی ریکویسٹ کروں گا کہ اگر وہ چاہتی ہیں کہ ملازمتوں کا اگر مسئلہ ہے اور اگر وہ سمجھتی ہیں کہ پراسیس دیکھنے کے لئے، وہ زیادہ دیکھیں کہ پراسیس Follow ہوا ہے، Legal follow ہوا ہے، نہیں ہوا ہے؟ تو ہم بیٹھ جائیں گے منسٹر صاحب اور سیکرٹری صاحب کے ساتھ اور دیکھ لیں گے، اگر پھر اس کے بعد بھی ان کا کوئی گلہ ہوا تو پھر سٹینڈنگ کمیٹی میں اس کو بھیج سکتے ہیں، تو بہر حال وہ اگر Response آپ ان سے لے لیں اس کے اوپر تو پھر اس کے بعد دیکھیں گے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی میڈم!

<u>محترمہ سمیہ بی بی</u>: نہیں، یہ تو میری بھی بے عزتی ہوئی ہے، نوکری دینا یا نہ دینا اس سے میرا کوئی کام نہیں ہے اس کو کمیٹی میں ڈالنا چاہیئے ضرور۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی منسٹر صاحب!

وزیر قانون: سر، ٹھیک ہے، میرا تو یہی تھا کہ اگر مسئلہ حل کروانا ہے لیکن اگر وہ سمجھتی ہیں کہ ان کی خدا ناخواستہ کوئی بے عزتی کی کوشش ہوئی ہے تو پھر سر، بھیج دیں، ٹھیک ہے، کمیٹی میں پھر بیٹھ کر اس کو دیکھ لیں گے۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the Privilege Motion No. 83, moved by the honourable Member, may be referred to the Committee concerned? Those who are in favour of it may say, 'Yes' and those who are against it may say, 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The Privilege Motion is referred to the concerned Committee. Item No. 7: Call attention Notice, Call Attention Notice.

ملک بادشاہ صالح: جناب سپیکر صاحب، زما هغه پوائنټ آف آرډر باندې لږه موقع راکړئی جی۔ ډیره ضروری خبره ده۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Order of the Day ہو جائے، آخر میں، آخر میں سب کریں گے جی۔ کال اٹینشن۔

جناب خوشدل خان (ایڈوکیٹ): جناب سپیکر صاحب، یو دوه منټه موقع ورله ورکړئی کنه، دا خو د دوئی رائیټ دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خوشدل خان صاحب، دا Order of the Day اوشی نو د هغې نه پس به اخلو۔

جناب خوشدل خان (ایڈوکیٹ): دا دوئی رائیټ دے جی، ور کړئی ورله موقع۔

جناب ڈپٹی سپیکر: رائیټ دے جی، خبره ټهیک ده جی خو۔

